ماڈیول ۲۰

حدیث نمبر34

تغیرِ منکر کے مراتب

حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے:

"جو تم میں سے کسی برائی کو دیکھے، تو اسے اپنے ہاتھ سے بدل دے، اگر اس کی طاقت نہ ہو، تو اپنی زبان سے، اور اگر اس کی بھی طاقت نہ ہو، تو دل سے اسے برا سمجھے، اور یہ ایمان کا سب سے کمزور درجہ ہے۔"

یہ حدیث ہر مسلمان پر منکر کے انکار کو واجب قرار دیتی ہے۔ منکر وہ چیز ہے جسے شریعت نے حرام قرار دیا ہے۔ نبی ﷺ نے منکر کے ازالے کے تین مراتب بیان کیے ہیں:

1. **بیدہ (ہاتھ سے):** جو شخص اختیار رکھتا ہے، جیسے حکمران، والدین، یا اسکول کی پرنسپل، وہ اپنے ہاتھ سے برائی روکیں۔ لیکن عام افراد کے لیے بغیر اختیار کے ہاتھ کا استعمال ممنوع ہے۔
2. **بلسانہ (زبان سے):** اگر ہاتھ کا استعمال ممکن نہ ہو، تو نصیحت اور دعوت زبان سے کریں، اور لوگوں کو برائی سے روکیں۔ اس میں سوشل میڈیا کے ذریعے بھی دعوت دینا شامل ہے۔
3. **بقلبہ (دل سے):** اگر یہ بھی ممکن نہ ہو، تو دل میں برائی کو برا سمجھیں اور اللہ سے دعا کریں۔

آخر میں نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دل سے منکر کو برا سمجھنا ایمان کا کمزور ترین درجہ ہے، مگر یہ بھی ایک ضروری عمل ہے۔ ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ وہ برائی کے ازالے کے لیے حکمت اور سمجھداری کا دخل کرے، ورنہ زیادہ نقصان ہو سکتا ہے۔

منکر کے انکار کے پانچ حالات

1. منکر کا خاتمہ:

اگر نصیحت اور دعوت سے منکر ختم ہو جائے اور اس کی جگہ اچھائی آ جائے، تو یہ سب سے بہترین نتیجہ ہے۔

2. منکر میں کمی:

کبھی انکار کے باوجود منکر مکمل ختم نہیں ہوتا، مگر اس میں کمی ضرور ہو جاتی ہے۔ یہ بھی ایک اچھی بات ہے۔

3. منکر کا تبادلہ:

ایک منکر ختم ہو کر اس کی جگہ برابر یا زیادہ بڑا منکر آ جائے۔ اس حالت میں علماء کے مطابق کبھی انکار کیا جاتا ہے اور کبھی نہیں۔

یہ انکار کی حکمت اور حالت پر مبنی ہے۔

4. زیادہ بڑا منکر:

اگر انکار سے اور بڑا منکر سامنے آنے کا اندیشہ ہو، تو بہتر ہے کہ خاموش رہا جائے اور حکمت سے کام لیا جائے۔

5. اثر نہ ہونا:

اگر انکار کا کوئی اثر نہ ہو، تو بھی دعوت اور نصیحت کا سلسلہ جاری رکھنا چاہیے، چاہے ہدایت اللہ کی طرف سے آنے میں دیر ہو۔

نبی ﷺ نے ہدایت دی ہے کہ منکر کا انکار حکمت اور صبر کے ساتھ کرنا چاہیے، اور دعوت کا سلسلہ تب تک چلتا رہے جب تک اللہ کسی کے دل میں ہدایت ڈال دے۔

حدیث نمبر 35

اسلامی اخوت اور حقوقِ مسلم

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے:

"آپس میں حسد نہ کرو، نہ ایک دوسرے کے لیے دھوکہ دینا، نہ ایک دوسرے سے دشمنی رکھنا، اور نہ ایک دوسرے سے منہ موڑو۔ ایک دوسرے کے سودے پر سودا نہ کرو۔ اللہ کے بندے اور بھائی بھائی بن کر رہو۔ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔ نہ اس پر ظلم کرے گا، نہ اسے بے یار و مددگار چھوڑے گا، اور نہ اس کی تذلیل کرے گا۔" اور اپنے دل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: "اور تقویٰ یہاں ہے۔"

اس حدیث میں اسلامی اخوت اور مسلمان کے حقوق کا ذکر ہے۔ نبی ﷺ نے مسلمانوں کے درمیان ان چیزوں سے منع فرمایا ہے:

حسد کا منع

نبی ﷺ نے فرمایا: "لا تحاسدوا" یعنی ایک دوسرے کے ساتھ حسد نہ کرو۔ حسد ایک بہت بری بیماری ہے جو انسانی دل میں نفرت اور بغض پیدا کرتی ہے۔ حسد کا مطلب ہے کسی دوسرے انسان کی اللہ کی دی ہوئی نعمت سے نفرت کرنا اور دل میں تمنا کرنا کہ اللہ اس نعمت کو اس شخص سے چھین لے۔ یہ اللہ کی قسمت اور فیصلوں پر اعتراض ہے، جو گناہ ہے۔

نجش کا منع

نبی ﷺ نے فرمایا: "ولا تناجشوا"، یعنی دھوکے سے کسی چیز کی قیمت بڑھانے کی کوشش نہ کرو۔ یہ اکثر منڈی یا مارکیٹ میں ہوتا ہے جب لوگ مکاری کے طور پر قیمت بڑھاتے ہیں تاکہ اصلی خریدار دھوکا کھا جائے۔ یہ عمل اسلام میں حرام ہے اور ایک مسلمان کے ساتھ دھوکہ ہے۔

نفرت اور بغض

نبی ﷺ نے فرمایا: "ولا تباغضوا"، یعنی ایک دوسرے کے ساتھ نفرت اور بغض نہ رکھو۔ یہ اسلامی اخلاق کے بالکل خلاف ہے۔ نفرت اور بغض کا پیدا ہونا انسانی دل کو زخمی دیتا ہے اور اسلامی معاشرے میں فساد اور دشمنی کا سبب بنتا ہے۔

منہ موڑنا اور بولنا بند کرنا

نبی ﷺ نے فرمایا: "ولا تدابروا"، یعنی ایک دوسرے سے منہ موڑ کر رشتہ توڑنا یا بولنا بند کرنا نفرت کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا کہ ایک مسلمان کے لیے جائز نہیں کہ وہ کسی دوسرے مسلمان سے تین دن سے زیادہ بول چال بند کرے۔

اللہ کے بندے اور بھائی بھائی بننا

نبی ﷺ نے حکم دیا: "وکونوا عباد اللہ إخوانا"، یعنی اللہ کے بندے بنو اور بھائی بھائی بن کر رہو۔ یہ اسلامی اخوت کی بنیاد ہے جو مسلمانوں کے درمیان محبت اور عزت کے تعلقات کو مضبوط بناتی ہے۔

ظلم کی ممانعت

نبی ﷺ نے فرمایا: "المسلم أخو المسلم لا یظلمه"، یعنی ایک مسلمان اپنے مسلمان بھائی پر ظلم نہیں کرے گا۔ ظلم ایک بڑا گناہ ہے جو انصاف اور عدل کے خلاف ہے۔ اللہ ظلم کرنے والوں کو کبھی معاف نہیں کرے گا۔

بے یار و مددگار نہ چھوڑنا

نبی ﷺ نے فرمایا: "ولا یخذله"، یعنی ایک مسلمان اپنے بھائی کو بے یار و مددگار نہیں چھوڑے گا۔ مسلمان پر فرض ہے کہ وہ اپنے بھائی کی مدد کرے، چاہے وہ کسی مصیبت میں ہو یا مظلوم ہو۔

تذلیل اور تحقیر سے بچنا

نبی ﷺ نے فرمایا: "ولا یحقرہ"، یعنی ایک مسلمان اپنے بھائی کی تذلیل اور تحقیر نہیں کرے گا۔ کسی بھی شخص کا مذاق اڑانا، اس کی شکل و صورت پر تنقید کرنا، یا اس کی عزت نہ کرنا حرام ہے۔ یہ اللہ کی تخلیق کا مذاق اڑانے کے برابر ہے۔

تقویٰ کا مقام

نبی ﷺ نے اپنے سینے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: "التقوی ھاھنا" (تین مرتبہ)۔ تقویٰ دل کا عمل ہے جو انسان کے ظاہری عمل میں ظاہر ہوتا ہے۔ جو شخص تقویٰ رکھتا ہے، وہ کبھی گناہ اور برائی نہیں کرے گا۔

مسلمان کی حرمت

نبی ﷺ نے فرمایا: "کل المسلم علی المسلم حرام، دمہ ومالہ وعرضہ"، یعنی ہر مسلمان کے لیے دوسرے مسلمان کا خون، مال، اور عزت حرام ہے۔ ایک مسلمان کبھی بھی کسی دوسرے کا نقصان نہیں کر سکتا۔

Hadith Number 34

Taghyeer-e-Munkar ke Maratib

Hazrat Abu Saeed Al-Khudri رضي الله تعالى عنه se riwayat hai:

“Jo tum mein se kisi burai ko dekhe, to use apne haath se badal de, agar is ki taaqat na ho, to apni zubaan se, aur agar is ki bhi taaqat na ho, to dil se use bura samjhe, aur yeh eemaan ka sab se kamazor darja hai.”

Yeh hadith har musalman par munkar ka inkari waazib karti hai. Munkar wo cheez hai jise shari’at ne haraam qarar diya hai. Nabi ﷺ ne munkar ke izale ke teen maratib bayan kiye:

Biyadihi (Haath se): Jo insaan ikhtiyaar rakhta hai, jaise hukmaran ya walidain,school ki principal, wo apne haath se burai rokein. Lekin aam afraad ke liye bina ikhtiyaar ke haath ka istemal mana hai.

Bilisaanihi (Zubaan se): Agar haath ka istemal mumkin na ho, to nasihat aur dawah zubaan se karein, aur logon ko burai se rokein. Is me social media kay zariye bhi dawah kar sakte hai.

Biqalbihi (Dil se): Agar yeh bhi mumkin na ho, to dil mein burai ko bura samjhein aur Allah se dua karein.

Aakhir mein Nabi ﷺ ne irshad farmaaya ke dil se munkar ko nafrat karna eemaan ka kamzor tareen darja hai, magar yeh bhi ek zaroori amal hai. Har musalman ke liye zaroori hai ke wo burai ke izale ke liye hikmat aur samajhdaari ka mudakhal kare, warna zyada nuksan ho sakta hai.

Munkar ke Inkaar ke Paanch Halat

Munkar ka Khatma: Agar nasihat aur dawah se mankar khatam ho jaye aur uski jagah achai aajaye, to yeh sabse behtareen nateeja hai.

Munkar Mein Kami: Kabhi inkaar ke bawajood mankar mukammal khatam nahi hota, magar us mein kami zarur ho jati hai. Yeh bhi ek achi baat hai.

Munkar Ka Tabadla: Aik mankar khatam ho kar uski jagah barabar ya zyada bara mankar aa jaye. Is halat mein ulama ke mutabiq kabhi inkaar kiya jata hai aur kabhi nahi.Yeh inkaar ki hikmat aur halat par mabni hai.

Zyada Bara Munkar: Agar inkaar se aur bara mankar samne aane ka andesha ho, to behtar hai chup rehna aur hikmat se kaam lena.

Asar Na Hona: Agar inkaar ka koi asar na ho, to bhi dawah aur nasihat ka silsila jaari rakhna chahiye, chahe hidayat Allah ki taraf se aane mein der ho.

Nabi ﷺ ne hidayat di hai ke mankar ka inkaar hikmat aur sabr ke saath karna chahiye, aur dawat ka silsila tab tak chalta rahe jab tak Allah kisi ke dil mein hidayat daal de.

Hadith Number 35

Islami Akhuwwat aur Huqooq-e-Muslim

Hazrat Abu Hurairah رضي الله تعالى عنه se riwayat hai:
“Aapas mein hasad mat karo, na ek doosre ke liye dhoka dena, na ek doosre se dushmani rakhna, aur na ek doosre se mo phero. Ek doosre ke soda par soda na karo. Allah ke bande aur bhai bhai ban kar raho. Ek musalman doosre musalman ka bhai hai. Na us par zulm karega, na usay be-yar-o-madadgar chhodega, aur na uski tazleel karega.” Aur apne dil ke taraf ishara kar key farmaya” aur taqwa yaha hai”

Is hadith mein Islami akhuwwat aur musalman ke huqooq ka zikar hai. Nabi ﷺ ne musalmanon ke darmiyan in cheezon se mana farmaya hai:

Hasad ka Mana

Nabi ﷺ ne farmaya: "La tahasadu" yani ek doosre ke saath hasad na karo. Hasad ek bohot buri bimari hai jo insani dil mein nafrat aur bughz paida karti hai. Hasad ka matlab hai kisi dusre insaan ki Allah ki di hui ni’mat se nafrat karna aur dil mein tamanna karna ke Allah us ni’mat ko us shakhs se cheen le. Yeh Allah ki qismat aur faislon par aitraz hai, jo gunah hai.

Najsh ka Mana

Nabi ﷺ ne farmaya: "Wa la tanajashu", yani dhoke se kisi cheez ki keemat barhane ki koshish na karo. Yeh aksar mandi ya market mein hota hai jab log makkar ke taur par keemat barhate hain taake asli kharidar dhoka kha jaye. Yeh amal Islam mein haram hai aur ek musalman ke saath dhoka hai.

Nafrat aur Bughz

Nabi ﷺ ne farmaya: "Wa la tabaghazu", yani ek doosre ke saath nafrat aur bughz na rakho. Yeh Islami akhlaq ke bilkul khilaf hai. Nafrat aur bughz ka paida hona insani dil ko zakhm deta hai aur Islami muashray mein fasad aur dushmani ka sabab banta hai.

Mo pherna aur Bolna band karna

Nabi ﷺ ne farmaya: "Wa la tadabaru", yani ek doosre se mo pher kar rishta todna ya bolna band karna nafrat ka sab se bara zariya hai. Nabi ﷺ ne farmaya ke ek musalman ke liye jaiz nahi ke wo kisi doosre musalman se teen din se zyada bol-chal band kare.

Allah ke Bande aur Bhai Bhai Ban'na

Nabi ﷺ ne hukm diya: "Wa koonu 'ibadallahi ikhwana", yani Allah ke bande bano aur bhai bhai ban kar raho. Yeh Islami akhuwwat ki buniyad hai jo musalmanon ke darmiyan mohabbat aur izzat ke taalluqat ko mazboot banata hai.

Zulm Ki Mamanat

Nabi ﷺ ne farmaya: "Al-muslim akhul-muslim la yazlimuhu", yani ek musalman apne musalman bhai par zulm nahi karega. Zulm ek bara gunah hai jo insaf aur adal ke khilaf hai. Allah zulm karne walon ko kabhi maaf nahi karega.Be-yar o Madadgar Na Chhorna

Nabi ﷺ ne farmaya: "Wa la yakhzuluhu", yani ek musalman apne bhai ko be-yar o madadgar nahi chhorega. Musalman par farz hai ke wo apne bhai ki madad kare, chaahe wo kisi musibat mein ho ya mazloom ho.

Tazleel aur Tahqeer Se Bachna

Nabi ﷺ ne farmaya: "Wa la yahqiruhu", yani ek musalman apne bhai ki tahqeer aur tazleel nahi karega. Kisi bhi shakhs ka mazaak urana, uski shakl o surat par tanqeed karna, ya uska izzat na karna haram hai. Yeh Allah ki takhleeq ka mazaak urane ke barabar hai.

Taqwa Ka Maqam

Nabi ﷺ ne apne seene ki taraf ishara karte hue farmaya: "Taqwa yahaan hai" (teen martaba). Taqwa dil ka amal hai jo insaan ke zahiri amal mein zahir hota hai. Jo shakhs taqwa rakhta hai, wo kabhi gunah aur burai nahi karega.

Muslim Ki Haramat

Nabi ﷺ ne farmaya: "Kullu al-muslimi ‘ala al-muslimi haram, damuhu wa maaluhu wa ‘irdhuhu", yani har musalman ke liye doosre musalman ka khoon, maal, aur izzat haram hai. Ek musalman kabhi bhi kisi doosre ka nuqsan nahi kar sakta.